ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(649)

مورخہ 05.12.2023

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب  واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل ۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ عباس نگر اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان سجاد، جہانزیب اکبر اور عبدالرحمٰن کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 280 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔ جبکہ   تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 03 ملزمان شاہد اقبال، دانش اور سلیم کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01 عدد ریوالور 32 بور اور 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلئے ۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب،منشیات کے ساتھ ساتھ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب  واسلحہ ناجائز برآمد